The argument for continued immigration is based on population statistics and trends. The report points out that since 1960 Canada's birth rate has dropped to about 18 per thousand of population, which is below replacement level. This means that without immigration our population would decrease dangerously.

"Since the Committee believes,' the report says, 'that a country as large and as thinly populated as Canada cannot afford a declining population, it concludes that Canada must continue to welcome a minimum of 100,000 immigrants a year as long as the present fertility rates prevail..'

Besides compensating for Canada's low birth rate, this figure will also make up for the number of people who leave Canada every year. In many years after the First World War Canada had more emigrants than it had immigrants, but this trend had changed drastically since the Second World War. However, a number of people continue to leave Canada every year to live elsewhere. These include a number of natural-born Canadians who retire to such places as Florida, Arizona and the West Indies, professional people who find job opportunities aborad, and a number of former immigrants who return to their native lands. In the past ten years it has been estimated that the number of emigrants has amounted to about 30 per cent of the total number of immigrants.

کریسنٹ کا یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اس کی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہمیں اپنی خدمت کا موقع دیجیے۔ یہ اخبار خود بھی پڑھیے اور اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کے لیے دیجیے۔ (ادارہ)

کریسنٹ کے سالانہ خریداروں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اخبار پر اگر یاددہانی کی سرخ مہر دیکھیں تو بروقت اپنی ممبرشپ کی تجدید کروائیں۔ تاکہ اخبار بغیر کسی رکاوٹ کے آپ تک [illegible]

# کوٹھے ٹپنی اور جانو کپتی کی قومی خدمات

دیوار

دیکھا ہے جس سے وہ پنجاب والوں کی اعلیٰ کے دل سے قائل ہو گئے ہیں۔ اتنا کہہ کر وہ عموماً ہماری طرف دیکھتے ہیں اور پوچھتے ہیں "[illegible] یہ ... فلم پر بھی آپ لوگ کیا کر گئے ہیں؟"

ان پنجابی فلموں سے ہمارے بارے میں مرف کو ... تو علم نہیں ہوا کہ ہم لوگ تمام "ٹیم ز" (TARZANS) ... اور یورپ کی ترقی یافتہ اقوام سے قریب تر ہوتے جا رہے ہیں بلکہ ہم لوگوں کے "ماڈرن ڈیل" ہونے کا بھی انہیں یقین ہو چلا ہے۔ یہاں کسی سے ملاقات ہوتی ہے تو وہ سب سے پہلے ہماری پتلون کے دائیں بائیں جانب نظر دوڑاتا ہے اور وہ اپنی جانب پستول کا [illegible] ہوا دیکھ کر مایوس ہوتا ہے اور پھر پوچھتا ہے "سائیں! وہ آپ کے پستول کدھر ہیں؟" اور اگر ہم شلوار کرتے میں ملبوس ہوں تو ان کی نظر ہمارے تہبند کی طرف ہوتی ہے کہ خدا جانے ہم کب بڑک لگا دیں اور "بڑا کٹا" کہتے ہوئے تہبند میں سے چاقو نکال کر کھبے بازار میں ترشلی چلا دیں۔

بھلا ہو پنجابی فلموں کا کہ ان کی وجہ سے سندھی دوستوں میں ہماری "ٹور" بنی ہوئی ہے۔ ہم جب سے یہاں آئے ہیں، لوگ ہوش و حواس میں ہمارے پاس یوں آتے ہیں جیسے ہم یورپ کے کسی بدنام زمانہ علاقہ سے آئے ہوں اور وہ ہم سے اسی قسم کے سوال پوچھتے ہیں، جس قسم کے سوال ان علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں سے پوچھے جاتے ہیں۔ ان کے ذوق و شوق سے پتہ چلتا ہے کہ پنجاب کے بارے میں دیگر صوبوں کے عوام کی جن شکایات کا ذکر کیا جاتا ہے، وہ سب بے بنیاد ہیں اور پاکستان کے کسی صوبہ کے لوگ بھی پنجاب کے بارے میں کوئی عناد نہیں رکھتے۔ اس کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ پنجابی زبان سے نا واقفیت کے باوجود یہاں کے لوگ "کوٹھے ٹپنی" اور "جانو کپتی" جیسی فلمیں دیکھنے کے لئے سینماؤں پر یوں ٹوٹ پڑتے ہیں جس طرح انگریزی نہ جاننے کے باوجود پنجاب کے عوام بلیک میں ٹکٹیں خرید کر "جوانی کے مزے" دیکھتے ہیں۔

ہم جب کبھی اس صورت حال سے دوچار ہوتے ہیں جی چاہتا ہے انہیں سب کچھ سچ سچ بتا دیں خصوصاً جب وہ چٹپٹی دال کے ساتھ پنجاب کی دوشیزاؤں کے بارے میں ہم سے سوال کریں تو انہیں بتائیں کہ ہم پنجاب سے آئے ہیں، روم یا انگلستان یا بیروت سے نہیں آئے اور جب وہ "شیشن گن، سیٹی گن، پا-تا چو" اور دیگر "بندی مارکہ پسٹل" وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں تو ان پر واضح کریں کہ ہم پنجاب سے آئے ہیں شکاگو سے نہیں آئے لیکن ایسے مواقع پر ہم مصلحتاً خاموش رہتے ہیں بلکہ وہی طرز عمل اختیار کرتے ہیں جو ان سردار جی نے اختیار کیا تھا جو اپنی بہن کے ساتھ کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں کسی بے تکلف دوست نے پوچھا "سردار جی محبوب کو لئے جا رہے ہیں؟" سردار جی نے جواب میں فخریہ طور پر اثبات میں سر ہلایا اس پر ان کی بہن ناراض ہوئی اور اس نے گالی گلوچ کی تو سردار جی نے کہا "کلونت کورا! تمہارا اس سے کیا بگڑا ہے۔ البتہ ہمارے وقار میں ضرور اضافہ ہو گیا ہے۔"

سو ہم بھی ایسے مواقع پر اپنے وقار میں اضافہ ہوتے دیکھ کر اثبات میں ہی سر ہلاتے ہیں اور ان دنوں وقار میں اضافہ کے لئے انسان کو تھوڑا بہت بے غیرت تو ہونا ہی پڑتا ہے۔

یہاں ان پنجابی فلموں کی نمائش کا جہاں ایک فائدہ نمائش کنندگان کو یہ ہوتا ہے کہ وہ لاکھوں روپے کما لیتے ہیں وہاں ان سے ایک فائدہ یہ بھی پہنچ رہا ہے کہ پنجابی کلچر کی دھوم مچی ہوئی ہے اور دیگر تمام علاقائی کلچر اس کے سامنے دب کر رہ گئے ہیں۔ اب پنجاب والوں کو اس امر کی ضرورت نہیں رہی یا یوں کہیں کہ محکمہ سیاحت کو اب اس امر کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ لاکھوں روپے پبلسٹی پر خرچ کر کے دیگر صوبوں کے عوام کو یہاں کے علاقائی کلچر سے آگاہ کرے اور انہیں پاکستان کے اس علاقے کی سیاحت کی طرف راغب کرے کیونکہ یہاں کے لوگ مذکورہ پنجابی فلموں کی بدولت پنجاب کے کلچر کو اب ہم پنجاب والوں سے زیادہ جاننے لگ گئے ہیں۔ شاہد ہمیں بتاتے ہیں کہ پنجابی دوشیزائیں بڑی بے باک ہوتی ہیں اور وہ اگر کسی کی طرف مائل ہو جائیں تو معاشرے کی تمام پابندیاں اور اخلاقی معیاروں کو پاؤں سے ٹھوکر مار کر بر سر عام "بیبے" مارنے لگتی ہیں اور "بیبے" کا بھی مطلب ہمارے سندھی ... سمجھتے ہیں۔ ثبوت کے لئے وہ اس کے ... "دے کر، دے کر، دے پیار ... " ہمارے سندھی دوست بتاتے ہیں کہ انہوں نے یہ گانا ریڈیو سے بھی بار بار سنا ہے اور ٹی وی پر اس کی پکچرائزیشن بھی [illegible]

## علی چھکے کی رسم افتتاح

(وہ ...) [illegible] اہتمام اور مصنف ... وہدایت کار ... فلم "چکو چکو" کی رسم افتتاح ... کے اسٹوڈیو ... کا ... ناز اطہر شاہ خان ... کی ہیں۔ ... ادی اطہر شاہ خان اور طالش نمایاں ہیں۔

## عورت اور خدا کی فلمبندی جاری ہے

لاہور ... سال ہدایت کار ... یوسف نے ... سے ... عورت اور خدا ... [illegible]

فلمی رپورٹ

[illegible]

## ... کا بھارتی ٹی وی پر پاکستانی گانا

لاہور ... [illegible]



ندیم کی وطن واپسی

لاہور ——— فلم اداکار ندیم جو گزشتہ دنوں اپنی بیگم کو لینے کے لئے بنگلہ دیش گئے ہوئے تھے واپس وطن لوٹ آئے ہیں اور واپس آتے ہی انہوں نے تیزی سے اپنی زیر تکمیل فلموں کو مکمل کرانا شروع کر دیا ہے۔

## تاریخی فلم زیب النساء مکمل ہو گئی

لاہور ... پانچ سال کے طویل عرصے میں تیار ہونے والی تاریخی فلم زیب النساء نمائش کے لئے تیار ہے اس فلم کے پروڈیوسر ایم اکرم چوہدری اور ہدایت کار رفیق احمد ہیں جب کہ ستاروں میں شمیم آرا، وحید مراد، عالیہ، ثناء اللہ، حلیم ناصر، عاشق بٹ، عشرت چوہدری، منور ظریف، نذر، ضیغم اور طالش شامل ہیں

## ناہید اختر کی گاڑی تلے بچی آ گئی!

لاہور ——— معروف گلوکارہ ناہید اختر کی گاڑی تلے ایک بچی آ کر مجروح ہو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ ناہید اختر ... کی ... فلم کا نغمہ ریکارڈ کرانے کے بعد اپنے گھر واپس جا رہی تھیں کہ ... کے پاس سڑک پر ... ایک بچی ان کی کار کی زد میں آ گئی۔ بچی کو ... اس حادثے میں زخمی ہو گئی۔

---

**انشا جی اٹھو اب کوچ کرو**
**اس شہر میں جی کو لگانا کیا**

ایسے ہی بے شمار مقبول نغموں کے خالق
استاد فتح علی خان، اسد امانت علی خان اور پارٹی
آپ کے شہر میں

رنگ و بو کی یہ شام ۱۲ اگست، ۷ بجے شب سینیکا کالج
آڈیٹوریم میں منائی جا رہی ہے - تفصیلات کے لیئے
فون کیجئے : مسعود خان

(416) 465-5411
(416) 275-3698

---

# مختصر مختصر اشتہارات

## ضرورت رشتہ

[illegible]

M. S.
C/o [illegible]

•

ٹورانٹو میں سکونت پذیر، تعلیم یافتہ، ملازم سرکار، سنت الجماعت نوجوان کے لیئے کسی مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیئے اپنے ٹیلی فون نمبر کے ساتھ اس پتے پر لکھیئے:

KHAN
P.O. BOX 296, STN. 'H'
TORONTO, ONT.
M4C 1L0

•

## شادی بیاہ کے لیئے پاکستانی ملبوسات

شلوار قمیص، غرارہ، بیل باٹم، ٹیلیبر، بلاؤز، جینٹس پینٹ، لیڈیز پینٹ اور میکسی سلوانے کے لیئے ہمیں فون کیجئے:

(416)532-9281

•

## "المرکز" ٹورانٹو میں الیکشن

پچھلے مہینے ٹورانٹو کی "مسجد المرکز" میں سالانہ انتخابات ہوئے جس کے تحت درج ذیل عہدہ داروں کا انتخاب عمل میں آیا:-

محمد ناصر - صدر
عبدالمنیم - نائب صدر
کامل زبیری - معتمد
محمد ہارون - خزانچی
فاروق غنی - مشیر تعلیم

•

اپنی چھوٹی موٹی ضروریات اور گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت کے لیئے اس کالم میں اشتہار دیجیئے۔ چار پانچ سطروں پر مشتمل مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر (ادارہ)

---



---

# QUAID - E - AZAM'S

CENTENNIAL CELEBRATIONS

# IN CANADA

Sept. 11, 1976 IN TORONTO


PLACE
TIME } TO BE ANNOUNCED

PAKISTANI AND OTHER SCHOLARS WILL ADDRESS THE GATHERING

For further information

Phone: (416) 493 - 4374
(416) 424 - 3084

EVERY PAKISTANI IS REQUESTED TO ATTEND AND HONOR THE GREAT QUAID!



THE QUAID-E-AZAM
1876 - 1948

PAKISTAN PAINDA BAAD!

# اذکار و افکار

## ہماری ڈاک

جناب ایڈیٹر صاحب

آج میں جوائی کو ایک بجے دن ریڈیو سے نشر ہونے والے پروگرام میں اس کے ناظر جعفری صاحب سے کسی نے فون کر کے پوچھا کہ پاکستانی ہاکی ٹیم کا ٹورنامنٹ میں آئندہ کیا پروگرام ہے؟ اس کے جواب میں انھوں نے پاکستان اور پاکستانیوں کے خلاف یوں زہر اگلنا شروع کیا کہ پاکستانی کیمونٹی میں کوئی اتفاق و اتحاد نہیں ہے۔ ان میں کوئی حوصلہ نہیں ہے وہ صرف ایک دوسرے کو نیچا دکھانا اور آپس میں لڑنا جھگڑنا جانتے ہیں۔ میں ان سے نفرت کرتا ہوں وغیرہ وغیرہ۔ ان کی ان بیہودہ باتوں سے یقیناً ان تمام محب وطن پاکستانیوں کو دکھ پہنچا ہوگا جو آج یہ پروگرام سن رہے تھے۔

میں اپنی زندگی میں اس بات کا قائل رہا ہوں کہ

جواب جاہلاں باشد خموشی

لیکن آج میں نے اپنا یہ اصول توڑ کر قلم اٹھایا ہے کہ جب جاہل حد سے بڑھ جائیں تو انھیں منہ توڑ جواب دینے میں تامل نہیں کرنا چاہیئے۔

میں اپنے تمام محب وطن پاکستانی بھائی بہنوں سے درخواست کروں گا کہ وہ جعفری صاحب کے ریڈیو پروگرام اور ان کے سینما ہاؤس کا بائیکاٹ کریں۔ اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کریں تاکہ آئندہ انھیں پاکستانیوں کے خلاف منہ کھولنے کی جسارت نہ ہو۔

والسلام
ندیم (ڈاؤنز)

(نوٹ: اس ضمن میں ہمیں بہت سے خطوط اور ٹیلی فون کال آئے ہیں۔ مزید تفصیل انگریزی سیکشن صفحہ ۳ پر ملاحظہ کیجیئے ——— ادارہ)

## چٹکیاں

سرحد اسمبلی میں حزب اختلاف کے ممبر عبدالحق مجاہد نے ایک ماہ گراں اور پلاسٹک کے پیک منظور ہیں۔ پہلے دنوں ملک میں شراب اور دوسری نشہ آور چیزوں کی تعداد بڑھ چکی ہے [illegible] اسمبلی میں [illegible] تذکرہ کیا:

——— اکثر غیر ملکوں میں شراب پی کر گاڑی چلانا منع ہے۔ جبکہ ہمارے ملک میں [illegible]

●

چند روز ہوئے وزیر اعظم بھٹو نے اپنی پارٹی کے سرکاری ترجمان اخبار کی چھٹی سالگرہ پر "جمہوری نظام میں صحافت کا مقام اور مرتبہ" کے موضوع پر دھواں دار تقریر کی۔

عوامی دور میں ہی کچھ ٹیڑھی پٹی آزاد صحافت کے علمبردار اخبار "نوائے وقت" پر سرکاری اشتہارات کی پابندی کے بعد اب نیوز پرنٹ بند کر دینے کا حربہ استعمال ہو رہا ہے۔

نہ رہے بانس نہ بجے بانسری

یاد رہے کہ ۱۹۶۷ء میں جب جناب بھٹو ایوب خان مرحوم کی حکومت سے علیحدہ ہوئے تھے، اس وقت کے سرکاری، نیم سرکاری، مفاد پرست، ابن الوقت قسم کے اخبارات اور جرائد نے ان پر ملک و قوم سے غداری کے الزامات کا بے دریغ استعمال کیا تھا مگر "نوائے وقت" نے حاکم وقت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اس وقت نہ صرف بھٹو صاحب کے حق میں معرکۃ الآراء مضامین شائع کیے تھے بلکہ لاہور اسٹیشن پر بھٹو صاحب کے تاریخی استقبال کی مہم

●

ٹورانٹو کے ایک دفتر میں کافی کے وقفے کے دوران دفتر میں کام کرنے والے ایک دوسرے سے باتیں کر رہے تھے ان میں ایک پاکستانی بھی تھا۔ زیر بحث مسئلہ تھا:

"کینیڈا میں نسلی اور تہذیبی تنوع اور اس کے عام زندگی پر اثرات"

اچانک ایک لڑکی نے پاکستانی سے سوال کیا:

"کیا اجنبی لڑکیوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا اور گھورتے رہنا تمہاری تہذیبی وراثت میں شامل ہے۔؟"

پاکستانی اس سوال کے لیے تیار نہیں تھا۔

"تمہارا مطلب۔؟" اس نے پوچھا۔

وہ بولی "جب کبھی بس یا سب وے میں میرے سامنے کوئی پاکستانی بیٹھا یا کھڑا ہوتا ہے تو اس کی آنکھیں اکثر میرے چہرے پر ہوتی ہیں۔ تمام راستہ مجھے یہ احساس رہتا ہے جیسے وہ ٹکٹکی باندھے میری طرف دیکھ رہا ہو۔"

"اس میں پاکستانی کا کیا قصور! اس جیسے زندہ دل کے لیے تمہارے خوبصورت چہرے سے نظریں ہٹانا مشکل ہوگا" پاکستانی نے بات کو ہنسی میں ٹالنے کی کوشش کی۔

مگر ایک اور لڑکی بول اٹھی:

"نہیں نہیں ... میں بھی یہ محسوس کرتی ہوں کہ اکثر ہندوستانی اور پاکستانی مرد لڑکیوں کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔ یہ صرف میرا اور باربرا کا تجربہ نہیں بلکہ میری اور کئی سہیلیاں بھی اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ غالباً تمہارے ملک میں مردوں کا طریقہ ہی یہی ہے جیسے اطالوی مرد لڑکیوں کی پیٹھ پر چٹکی لینے والے نامعقول فعل کو برا نہیں سمجھتے۔ شاید اسی طرح تمہارے تمدن میں بھی عورتوں کو گھورنا معیوب نہیں!"

●

کسی یادہ گو شاعر نے فارسی کے مشہور شاعر مولانا جامی کو اپنی غزل سنائی پھر کہا میں چاہتا ہوں کہ اس غزل کو خوش خط لکھوا کر شہر کے دروازے پر لٹکا دیا جائے تاکہ گزرنے والوں کی نگاہ پڑے اور غزل خوب مشہور ہو جائے۔

مولانا نے فرمایا "اور بہتر ہے کہ غزل کے ساتھ شاعر کو بھی لٹکا دیا جائے۔"

یہ مشورہ آج بھی کئی شعرا پر لاگو ہوتا ہے!

## [illegible]

میر تقی میر

دامان و جیب چاک [illegible]
ہم سے دیوانے رہیں شہر میں سبحان اللہ
دشت میں قیس رہے، کوہ میں فرہاد رہے
[illegible]
یوں اٹھے آہ اس گلی سے ہم
جیسے کوئی جہاں سے اٹھتا ہے

محمد تقی نام میر تخلص۔ پردادا حجاز سے دکن آئے۔ وہاں سے احمد آباد (گجرات) میں آکر قیام کیا۔ آخر اکبر آباد (آگرہ) میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ میر تقی ۱۱۳۷ھ میں وہیں پیدا ہوئے۔ والد کا نام محمد علی تھا۔ علی متقی کے لقب سے مشہور تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد اور سید امان اللہ سے حاصل کی۔ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے، اس لئے اپنے سوتیلے خالو سراج الدین علی خاں آرزو کے پاس دلی چلے آئے اور انہی کے زیر تربیت پرورش پائی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ سلطنت مغلیہ کا چراغ ٹمٹما رہا تھا۔ دلی میں آئے دن کی خانہ جنگیوں اور بدامنیوں نے میر صاحب کو دل برداشتہ کر دیا تھا۔ نواب آصف الدولہ کی دعوت پر ۱۱۹۷ھ میں لکھنؤ گئے۔ کسی بات پر نواب سے ان بن ہو گئی اور دربار کا تعلق منقطع ہو گیا۔ ۱۲۲۵ھ میں لکھنؤ میں وفات پائی۔ اردو شعرا کا سب سے پہلا تذکرہ "نکات الشعراء" "ذکر میر" (فارسی) اور کلیات میر ان سے یادگار ہیں۔

میر کا کلام سوز و گداز اور درد و اثر کا بے مثال مرقع ہے۔ ان کے بہتر نشتر اردو شاعری میں کوئی جواب نہیں رکھتے۔ حد یہ ہے کہ مرزا غالب جیسے ہمہ گیر و جامع الکمالات شاعر سے بھی ان کی تقلید نہ ہو سکی۔

## جام نو

### غزل

فراق گورکھپوری

بیانِ شوق میں نازک مقاموں سے گزرتا ہے
مجھے تیرے سکوتِ ناز سے کچھ عرض کرنا ہے

نہ جینے کی طرح جینا نہ مرنے کی طرح مرنا
یہ جینا کوئی جینا ہے یہ مرنا کوئی مرنا ہے

لبِ اعجاز اپنی زد میں ہے محوِ عہد و پیماں ہیں
نگاہِ ناز کہتی ہے بہ ہر صورت مکرنا ہے

یہ مانا زندگی ہے نام آگے بڑھتے رہنے کا
اسی ہلچل میں تجھ کو روک کر کچھ بات کرنا ہے

طلوعِ آفتابِ دل غروبِ آفتابِ دل
اسی کا نام جینا ہے اسی کا نام مرنا ہے

مرے اشعار تپ پیما ہیں اس بیمار دنیا کے
بنامِ زندگانی پارہ چڑھنا ہے اترنا ہے

جسے کہتے ہیں نظم اس انتشارِ فکر پر قرباں
یہ بے ربطی غزل کی تیری زلفوں کا بکھرنا ہے

ہر اک ذرہ [illegible] سے گزرتا ہے
ہر اک قطرہ [illegible] پار اترتا ہے

### رباعی

[illegible]
[illegible]
یوں بلوروں سے تیرے چمکاتی ہوئی
ناگن کی طرح کینچلی چھوڑتی ہے

### غزل

سروش خان
جیسی ساگا (انٹاریو)


آ کے دیکھو تو شمعِ دل کی مرادوں کا ہجوم
بھیگی بھیگی ہیں میری چاندنی راتوں کا ہجوم

یوں تو تم دور، بہت دور کہیں رہتے ہو
کیسے جائیگی لگن لے کے نظاروں کا ہجوم

راز پھر راز نہیں جب وہ لبِ بام آیا
لے کے پھرتے ہیں صنم دل کے فگاروں کا ہجوم

یوں تو [illegible]
کس لیئے ہو گئے بدنام بہاروں کے ہجوم

[illegible] مجھکو
ہو گئے ہیں کہیں بیتاب ستاروں کے ہجوم




افسانہ: کمیٹڈ ژلے

ترجمہ: [illegible]

# بک ناشد

جب سے ان کی شادی ہوئی ہے کبھی اسے خوش نہیں دیکھا۔ اس کے چہرے پر ہر وقت فکرمندی چھائی رہتی ہے۔ وہ مغموم بجھا بجھا اور اداس نظر آتا ہے جیسے کوئی غم اسے گھن کی طرح اندر ہی اندر کھا رہا ہو اگر وہ کبھی خوش دکھائی دیتا تو اس کی آنکھیں چمکنے لگتی تھیں اور وہ دنیا کا سب سے زیادہ زندہ دل آدمی نظر آنے لگتا تھا خزاں رسیدہ درخت پر بہار آ جاتی تھی۔ سب کو اس سے ہمدردی تھی کیونکہ وہ ایک اچھا آدمی تھا جب کبھی وہ چڑچڑا دکھائی دیتا تو سب اس کی دلجوئی کرتے تھے لیکن اس کے مسائل میں دن بدن اضافہ ہی ہوتا جا رہا تھا اسے ہر روز کسی نئے مسئلے سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ اس لئے وہ ہمیشہ اداس اور مغموم نظر آتا تھا۔

میں جب پارک میں پہنچا تو وہ ایک سنسان کونے میں تنہا بیٹھا سر لٹکائے ایک طرف گھور رہا تھا۔ میں چند لمحوں تک اس کے پیچھے کھڑا رہا لیکن وہ میری طرف متوجہ نہیں ہوا۔ غالباً وہ استغراق کے عالم میں آس پاس سے بے خبر تھا۔ میں خاموشی سے اس کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ میں نے اس طرف دیکھا جہاں اس کی نگاہ جمی ہوئی تھی۔ میرا خیال تھا کہ شاید ادھر کوئی خاص چیز ہے جو فریڈ کی نگاہ کو ہٹنے نہیں دیتی لیکن وہاں پھولوں کی کیاریوں کے سوا کچھ نہیں تھا۔

"کیا بات ہے فریڈ! آج کچھ پریشان نظر آتے ہو" میں نے

[illegible]

# خوانِ نعمت

## مچھلی کے پکوڑے

آدھا کلو سنگھاڑا مچھلی کے چھوٹے چھوٹے قتلے
ایک پیالی بھر بیسن
ڈیڑھ چائے کا چمچ بھر لال مرچ
آدھا چائے کا چمچ بھر پسا ہوا گرم مسالہ
تین چائے کے چمچ بھر ایک پسا ہوا انار دانہ
نمک حسب ذائقہ
گھی حسب ضرورت

مچھلی کو خوب اچھی طرح دھو کر صاف کر لیں پھر ایک بڑے منہ کی دیگچی کو پانی سے پونی تہائی بھر لیں پھر دیگچی کے منہ پر ایک موٹی ململ کا مضبوط کپڑا باندھ کر دیگچی کو آنچ پر رکھ دیں اور اب اس کپڑے پر مچھلی کے قتلے برابر برابر رکھ دیں پھر اس پر ایک گہری پلیٹ الٹی کر کے ڈھک دیں تاکہ بھاپ باہر نہ نکلنے پائے آدھے گھنٹے کے بعد دیگچی کو آنچ سے اتار لیں اب مچھلی کے قتلوں کو کپڑے پر سے ہٹا لیں اور ان کی کھال اتار دیں اور کانٹے بھی نکال کر پھینک دیں۔ اب بیسن کو چھان کر اس میں انار دانہ، لال مرچ، گرم مسالہ، نمک اور اندازے سے تھوڑا سا پانی ڈال کر گھول لیں پھر اس میں مچھلی شامل کر دیں اور ہاتھ سے اچھی طرح مل کر ایک جان کر لیں اب ایک کڑھائی میں گھی ڈال کر آنچ پر رکھ دیں جب گھی گرم ہو جائے تو بیسن ملی مچھلی کے چھوٹے چھوٹے پکوڑے تل لیں بادامی ہو جائیں تو کاغذ پر اتار لیں تاکہ فاضل گھی کاغذ میں جذب ہو جائے اور چٹنی کے ساتھ گرم گرم نوش فرمائیں۔

[illegible]

مرغم بدل جانے کا فرق پڑے گا۔



یہ قائد اعظم کا سال ہے

اتحاد - ایمان - نظم و ضبط

قائد اعظم نے فرمایا


بلاشبہ قوم نے ہم معاشرہ کا اہم جزو ... [illegible]

## خواتین کے فرائض

جلسے تقاریر ہی ملتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

●● خوشی کی بات ہے کہ مسلمان خواتین میں بھی انقلابی تبدیلی ہو رہی ہے۔ یہ تبدیلی بہت اہمیت رکھتی ہے۔ ... [illegible]

●● آپ کے پاس ... [illegible]



... پاکستان کے لئے بہت سی قربانیاں دی ہیں۔ ... [illegible]

(مسلم لیگ کے شعبہ خواتین سے خطاب
کراچی ۹ فروری ۱۹۴۸ء)

●● قوم کی قیادت اس کے استحکام کے عظیم مقصد کام کے سلسلے میں خواتین قوم کے ... [illegible] ... سے قاصر رہیں۔


[illegible] پاکستان ڈھاکہ ۲۸ مارچ ۱۹۴۸ء















# گاڑیوں کی آمد و رفت جولائی کے تیسرے ہفتے میں شروع ہو جائے گی

## مسافر اور مال گاڑیوں کی آمد و رفت کے سلسلے میں تمام تجارتی اور فنی امور طے پا گئے

## کسٹمز کی کارروائی لاہور اور اٹاری میں مکمل کی جائے گی

## لاہور اور امرتسر کے درمیان گاڑی اپنا فاصلہ چار گھنٹوں میں طے کرے گی

نئی دہلی ۔۔۔ اسپیشل رپورٹر ۔۔۔ بھارت اور پاکستان نے اٹاری واہگہ سرحد کے درمیان ریلوے ٹریفک کے متعلق ایک سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔ توقع ہے کہ ریلوے ٹریفک کی بحالی اگلے مہینے جولائی سے شروع ہو جائے گی۔ بات چیت کے خاتمے کے بعد ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ لاہور اور امرتسر کے درمیان ایک ریل گاڑی چلائی جائے گی۔ کسٹمز کی کارروائی بھارت میں اٹاری اور پاکستان میں لاہور میں مکمل کی جائے گی۔ گاڑی اپنا فاصلہ چار گھنٹوں میں طے کرے گی۔ بھارتی وفد کے سربراہ شری ... نے کہا ... گاڑیوں کی تعداد دونوں ملک مساوی طور پر مہیا کریں گے ...

اخبار نمائندوں کو بتایا کہ مسافر اور مال گاڑیوں کی آمد و رفت کے سلسلے میں تجارتی اور فنی امور پر کچھ طے ہو گیا ہے۔ لاہور اور امرتسر ریلوے اسٹیشنوں سے آگے ... کسی مناسب وقت پر غور کیا جائے گا۔

اعلان میں مزید کہا گیا ہے کہ ڈبلیو پی ٹیمیں ریلوے اسٹاف کے لیے دونوں فریق ویزے جاری کریں گے ... مسافروں اور دیگر اخراجات کا طریقہ کار بھی وضع کر لیا گیا ہے۔ بھارتی وفد کے رہنما مسٹر سری نواس نے کہا ...

## پاکستان اور تنزانیہ میں ویزا ختم

اسلام آباد ۔۔۔ اے پی پی ۔۔۔ ایک اعلان کے مطابق پاکستان اور تنزانیہ کے درمیان ویزا ختم کرنے کے ایک معاہدے پر دستخط ہو گئے ہیں۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے پر دارالحکومت دارالسلام میں دستخط کیے گئے۔ معاہدے کے مطابق دونوں ملکوں کے شہری جن کے پاس پاسپورٹ ہیں ویزا کے بغیر ایک دوسرے کے ملک میں داخل ہو سکیں گے بشرطیکہ اس ملک میں تین ماہ سے زیادہ قیام نہ کرنا چاہتے ہوں۔

## غلام حیدر وائیں گرفتار کر لیے گئے

لاہور ۔۔۔ اسٹاف رپورٹر ۔۔۔ پاکستان مسلم لیگ پنجاب زون کے دفتر سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق پاکستان مسلم لیگ پنجاب زون کے جنرل سیکرٹری مسٹر غلام حیدر وائیں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے گذشتہ رات مسلم لیگ ہاؤس پر چھاپہ مارا اور وہاں پر ریکارڈ کی تلاشی لینے کے بعد ... غلام حیدر وائیں کو حراست میں لے لیا ... پولیس وہاں سے سائیکلوسٹائل مشین اپنے ہمراہ لے گئی۔

## ۔۔۔۔۔۔ اور وہ سوتے رہے

اسلام آباد ۔۔۔ اے پی پی ۔۔۔ قومی اسمبلی میں آج یہ عجیب نکتہ زیر بحث آیا کہ اگر کوئی رکن اسمبلی کارروائی کے دوران ایوان میں سو جائے ... جواب دیا ... مولانا کو بیدار کر دیں ... جب اجلاس ملتوی کیا گیا تو ایک رکن نے مولانا کو جگایا۔

# آر سی ڈی کے دروازے تمام علاقائی ملکوں کے لئے کھلے رہنے چاہئیں

## سعودی عرب سمیت علاقے کا کوئی بھی ملک تنظیم کا رکن بن سکتا ہے

### ہم بحر ہند سے آگے تک کے ممالک کے ساتھ وسیع تر تعاون کے حامی ہیں: شہنشاہ ایران



تہران ۔۔۔ شہنشاہ ایران نے کہا ہے کہ ہم اس بات کے حامی ہیں کہ آر سی ڈی کے دروازے تمام علاقائی ملکوں کے لئے کھلے رہنے چاہئیں۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ روز "الاہرام" کے مدیر محمد حسنین ہیکل کے ساتھ ایک ملاقات میں کہی۔ مسٹر ہیکل نے سوال کیا کہ کیا یہ درست ہے کہ آپ سعودی عرب اور کچھ دیگر ملکوں کو آر سی ڈی میں شامل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، کیا وزیر اعظم بھٹو کا حالیہ دورہ سعودی عرب اس سلسلے کی ایک کڑی تھا؟

شہنشاہ ایران نے جواب دیا ... علاقائی تعاون برائے ترقی کی تنظیم میں دوسرے ممالک بروقت شامل ہو سکتے ہیں ...

## غفار خان نے اپنے بیٹے سے ملنے سے انکار کر دیا

پشاور ۔۔۔ سرخ پوش رہنما خان عبدالغفار نے اپنے بیٹے عبدالغنی خان سے ملنے سے انکار کر دیا ہے۔ گذشتہ دنوں عبدالغنی خان نے ایک اخباری بیان میں دعویٰ کیا تھا کہ وہ اپنے والد خان عبدالغفار خان کے ساتھ مل کر انہیں واپس بلانے کی کوشش کریں گے۔ عبدالغنی خان نے دو مرتبہ اپنے والد سے ملنے کی کوشش کی لیکن عبدالغفار خان نے انکار کر دیا۔

## عبدالخالق خان کو گرفتار کر لیا گیا

### اسپیکر قومی اسمبلی نے ایوان کو مطلع کر دیا

اسلام آباد ۔۔۔ اے پی پی ۔۔۔ آج قومی اسمبلی کو بتایا گیا کہ رکن اسمبلی مسٹر عبدالخالق خان کو تحفظ امن عامہ آرڈیننس کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اسپیکر فاروق علی خان نے ایوان کو وہ تار پڑھ کر سنایا جو ڈپٹی کمشنر مردان کی طرف سے انہیں اس وقت موصول ہوا تھا۔

## کھوکھر برادران پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

کراچی ۔۔۔ اے پی پی ۔۔۔ اکرم اعظم کھوکھر ... ان کے دو نامور بھائیوں اعظم اور اکرم نے اپنے دوستوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا ...

## راجہ منور اور خاکوانی کے بارے میں پنجاب اسمبلی کو آگاہ کر دیا گیا

لاہور ۔۔۔ اپنے اسٹاف رپورٹر سے ۔۔۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی شیخ رفیق احمد نے آج ایوان کو بتایا کہ خصوصی ٹریبونل کے چیئرمین نے انہیں مطلع کیا ہے کہ پنجاب اسمبلی کے دو اراکین راجہ منور احمد اور مسٹر ... خاکوانی کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کیا گیا ہے ... متعلقہ پولیس نے ٹریبونل کے سامنے پیش کیا اور ٹریبونل نے ... پولیس کا ریمانڈ دے دیا۔

## رائے کی گرفتاری کے خلاف دائر کردہ رٹ کی سماعت

لاہور ۔۔۔ اسٹاف رپورٹر ۔۔۔ لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس ڈاکٹر سید نسیم حسن شاہ اور مسٹر جسٹس ... قریشی پر مشتمل ڈویژن بنچ نے آج سینیٹر محمد حنیف رائے کی گرفتاری کے خلاف دائر کردہ رٹ درخواست کی سماعت ... کی۔

# اسرائیل نے یوگنڈا کی قومی خودمختاری کے خلاف کھلی جارحیت کا ارتکاب کیا ہے

## کسی قوم کی آزادی یا عوام کی جان و مال کا مسئلہ اسرائیل کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتا

### پاکستان یوگنڈا کے عوام اور حکومت کے ساتھ ہے، حکومت پاکستان کا اعلان

اسلام آباد ... پاکستان نے یوگنڈا کی داخلی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے خلاف اسرائیل کی عریاں جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عوام مکمل طور پر یوگنڈا کی حکومت اور عوام کے ساتھ ہیں ... [illegible]



یوگنڈا کے اینٹی بی ہوائی اڈے سے واپس پیرس پہنچنے والے ... [illegible]

## وزیر اعظم بھٹو نے شاعر احمد فراز کے خلاف الزامات کی تحقیقات کا حکم دے دیا

[illegible]

## پاکستان اور افغانستان کے درمیان سیاسی تنازعات کی جڑیں گہری ہیں، وحید عبداللہ

[illegible]

## بھارتی حکومت قادر صدیقی کی مدد سے بنگلہ دیش کی حکومت کا تختہ الٹنا چاہتی ہے

### عام معافی کے اعلان کے بعد بھارت سے آنے والے تخریب کاروں نے سرحد پر تربیتی کیمپوں کی موجودگی کی تصدیق کر دی

### تخریبی کارروائیوں کی نگرانی بھارتی سیکورٹی فورس کرتی ہے



جنرل ضیاء الرحمٰن

لاہور ... (امر نگار خصوصی) بنگلہ دیش کی حکومت کا تختہ الٹنے، سرحد پر تخریبی کارروائیاں کرنے اور بنگلہ دیش میں خونریزی پھیلانے کے لیے بھارت نے بنگلہ دیش کی سرحدوں کے قریب باقاعدہ تربیتی کیمپ کھول رکھے ہیں۔ جن میں تخریب کاروں کو ... [illegible] کارروائیوں کی تربیت دی جا رہی ہے۔ اس بات کی تصدیق ... سے شائع ہونے والے ہفت روزہ "ایشیا ویک" میں شائع ہونے والے ... تخریب کاروں کے انٹرویوز سے ہوتی ہے ... بنگلہ دیش کی حکومت نے حال ہی میں عام معافی کا اعلان کیا ہے ... [illegible]

یہ تربیتی کیمپ مکتی باہنی کے سابق کمانڈر اور ... [illegible]




گوریلا لیڈر صدیقی

# پاکستانی ہاکی ٹیم

# ٹورانٹو

# میں



▲ پاکستانی ہاکی ٹیم نے انٹاریو کی ٹیم کو ۱۸ گول دیئے۔
تصویر میں غالباً پندرھواں گول ہو رہا ہے۔
(تصویر: محمود)



▲ بیگم مسرت مجید (مسرت نذیر) حاضرین کو قومی نغمے سنا رہی ہیں۔ (تصویر: سلیمان)




◀ اعتزاز رسول اور شہناز بشیر خان کے مزاحیہ ایکٹ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

مونٹریال اولمپکس کے مقابلوں میں حصہ لینے والی پاکستانی قومی ٹیم نے چند روز کے لیے ٹورانٹو میں قیام کیا تو گویا یہاں بسنے والے پاکستانیوں کو نئی زندگی مل گئی۔ ہر طرف ہاکی کا چرچا، کھلاڑیوں کی باتیں۔ کام سے چھٹی لے کر اپنے جیالوں کو پریکٹس کرتے ہوئے دیکھنے کی چاہ۔ میچ میں جیت ہو تو خوشیوں سے سرشار، ہار ہوئی تو یوں، راس جیسے دنیا لٹ گئی!

دن بھر کی سخت پریکٹس سے تھکے ہوئے کھلاڑیوں کی ضیافت میں ہر شام کسی نہ کسی پاکستانی نے میزبان کے فرائض انجام دیئے۔ چند محب وطن لوگوں نے مل کر یہاں کے ایک عظیم الشان ہوٹل میں ان کی خاطر مدارات کا انتظام کیا۔ جس میں قومی نغمے گائے گئے، لطیفے اور مزاحیہ خاکے پیش کیے گئے اور ایک شاندار ٹرافی پیش کی۔ تحفے کے طور پر دی گئی جس پر ٹورانٹو اور مضافات میں بسنے والے پاکستانیوں کی طرف سے مونٹریال اولمپکس میں وطن پاک کے لیے گولڈ میڈل جیتنے کی نیک خواہشات کا اظہار کندہ تھا۔ ہر کھلاڑی کو ایک ایک گرم سوٹ کا کپڑا تحفے میں دیا گیا۔ وہ بھی کب پیچھے رہنے والے تھے، اپنی طرف سے انہوں نے حاضر خواتین اور بچوں کو یادگاری تحفے دیئے۔

اس حوالے کی اس شام کو کامیاب ترین بنانے کے لیے مقامی پاکستانی اسپورٹس کلب کے ممبران پیش پیش تھے۔ اس ضیافت میں موجود کینیڈین ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر مائیکل برک نے برملا اعلان کر کے پاکستانیوں کو خوش کر دیا کہ ان کی نظر میں پاکستانی ہاکی ٹیم اس وقت دنیا کی بہترین ٹیم ہے۔



◀ قومی ٹیم کے مینجر بریگیڈیر عاطف ٹورانٹو اور مضافات میں رہنے والے پاکستانیوں کی طرف سے پیش کی گئی نیک خواہشات کی ٹرافی لے رہے ہیں۔

ٹرافی کو تعریفی نظروں سے دیکھنے والے مائیکل برک ہیں۔ اور درمیان میں ایزد مجید۔

(تصویر: سلیمان)




▲ محمد نثار اصغر



◀ ایشیائی ... ایشیاٹک آرٹسٹوں کے ساتھ (تصویر: سلیمان)



◀ سلیم ناظم



# اسلامی نظریاتی کونسل نے جمعہ کو ہفتہ وار چھٹی کرنے کی سفارش کردی

## شلوار قمیص کو قومی اور سرکاری لباس قرار دینے کی سفارش

اسلامی نظریاتی کونسل کی ۱۹۷۷ء کی جبوری سالانہ رپورٹ پنجاب اسمبلی میں پیش کردی گئی

[illegible]

## میں نے وزیر اعظم بھٹو کی دعوت پر اُن سے ملاقات کی تھی

ہم ملک و ملت کے فائدے کے لیے مزید بات چیت سے انکار نہیں کریں گے: مزاری

[illegible]

## غیر ممالک میں تربیت یافتہ ماہرین کو متعلقہ شعبوں میں تعینات کیا جائے: رانا محمد حنیف

[illegible]

## سادہ لوح افراد کو کینیڈا بھیجنے کا جھانسہ دے کر ایک لاکھ روپے اینٹھنے والے جعلساز کے خلاف تحقیقات شروع ہوگئی

[illegible]

## برطانوی پارلیمنٹ کے ارکان کی اکثریت نسلی تعصب کا شکار ہے

[illegible]

## قریشی برادران کی درخواست ضمانت مسترد

[illegible]

## الجزائر میں اسلام کو سرکاری مذہب قرار دیدیا جائیگا

[illegible]

## السلام علیکم

[illegible]

## صدر داؤد اور وزیر اعظم اندرا گاندھی میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال

[illegible]

## بنگلہ دیش میں سیلاب سے تباہی

[illegible]

# حکومت مسئلہ کشمیر حل کرنے کے معاملے میں مخلص ہے تو اسے اقوام متحدہ میں پیش کرے

## آزاد کشمیر کی حیثیت تبدیل کرنے سے ہمارے موقف کو نقصان پہنچے گا

### مسلم لیگ لائرز کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے پیر صاحب پگاڑو کا خطاب

لاہور۔۔۔۔ (وقائع نگار) پاکستان مسلم لیگ کے صدر پیر صاحب پگاڑو نے حکومت پر زور دیا ہے کہ اگر وہ مسئلہ کشمیر حل کرنے میں واقعی مخلص ہے تو اسے اقوام متحدہ میں پیش کرے ... عالم اسلام کی امداد حاصل کرے اور مسلم ممالک کی کانفرنس منعقد کرکے بھی اس مسئلہ کو پیش کیا جائے۔ مسلم لیگ لائرز کانفرنس کے آخری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم اتنی بے وقوف نہیں ہے ...



## پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات مسلسل ترقی کرتے رہیں گے: وزیر اعظم بھٹو کا پیغام

اسلام آباد۔۔۔۔ (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کینیڈا کے وزیر اعظم مسٹر ٹروڈو کو کینیڈا کے قومی دن کے موقع پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات ہمیشہ دوستانہ، تعمیری اور باہمی مفادات پر استوار رہے ہیں۔ یہ تعلقات مسلسل ترقی کرتے رہیں گے ... انہوں نے اپنی حکومت، پاکستان اور عوام کی طرف سے کینیڈا کے قومی دن کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ کینیڈا اپنا قومی دن آج منا رہا ہے۔

## امریکہ بھارت کو اعلیٰ قسم کا یورینیم مہیا کرے گا

### بھارت یورینیم کو ایٹم بم بنانے کے لیے استعمال کرے گا: امریکی سینیٹروں کے خدشات

واشنگٹن۔۔۔۔ (داخلہ) امریکہ کے ایٹمی توانائی کے نگران کمیشن نے کل بھارت کو بیس ہزار ایک سو تراسی پونڈ اعلیٰ درجے کی یورینیم دھات بھیجنے کی اجازت دے دی ... کمیشن نے کہا ہے کہ بھارت کو یورینیم کی اشد ضرورت ہے ...

## مجبوبہ کی قبر پر خودکشی کر لی

گجرات۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ کالج برائے خواتین گجرات کی نوجوان طالبہ عابدہ صادق کی خودکشی کے ۲۱ روز بعد آج اس کو چاہنے والے نوجوان نصیر احمد نے بھی اپنی محبوبہ کی قبر پر اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کر لی۔ عابدہ صادق اور نصیر احمد دونوں جلالپور جٹاں کے رہنے والے تھے اور ایک دوسرے کو چاہتے تھے ... نصیر احمد نے خودکشی سے پہلے ایک خط لکھا ... اپنی کنپٹی پر گولی مار کر خودکشی کر لی۔

## حکومت پاکستان نے نجی شعبے کو بھارت کے ساتھ تجارت کی اجازت دے دی

### دونوں ملکوں میں تجارت ۱۵ جولائی سے شروع ہو جائے گی

اسلام آباد۔۔۔۔ (اے پی پی) وفاقی حکومت نے بھارت کے ساتھ تجارت میں نجی شعبے کو شرکت کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ تجارت ۱۵ جولائی سے شروع ہو جائے گی۔ یہ اعلان وزارت تجارت کے ایک پریس نوٹ میں کیا گیا ہے ...

دنیا کی عظیم ترین عبادت گاہ

سعودی عرب میں تعمیر کی جائے گی

پندرہ روزہ
# کریسنٹ
سونو ، نیوزی لینڈ


اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ

# بھارت سے امریکہ کا ایٹمی تعاون

امریکہ نے کچھ عرصہ پہلے بھارت کو ۳۹۰۰۰ پونڈ یورینیم مہیا کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے۔ ایٹمی ری ایکٹر اور ایٹم بم بنانے کے بنیادی خام مال کی یہ پہلی کھیپ ہے جو کہ اس فیصلہ کے ساتھ ہی بھارت کو دیا گیا ہے۔ بھارت کو مزید ۲۶۱۹۷ پونڈ یورینیم بھیجنے کا مسئلہ ابھی امریکی حکومت کے زیر غور ہے، جس کے بارے میں فیصلہ ۲۰ جولائی کے بعد کسی بھی وقت کر دیا جائے گا۔ ظاہر ہے کہ یہ فیصلہ بھی بھارت کے حق میں ہوگا، کیونکہ جب امریکہ نے معاملے کو کچھ عرصہ تک لٹکائے رکھنے کے بعد بھارت کو بھاری مقدار میں پہلی کھیپ مہیا کر دی ہے، تو کچھ ناگزیر اور معقول تاخیر کے بعد وہ دوسری اور نسبتاً زیادہ بھاری کھیپ دینے پر بھی آمادہ ہو جائے گا۔

بھارت نے جو پہلا ایٹمی دھماکہ ... کو کیا تھا، وہ امریکہ اور کینیڈا دونوں کے فنی اور تکنیکی تعاون کا مرہون منت تھا۔ لیکن اس سے بھارت کو محدود و مخصوص ایٹمی کلب ... میں جو کامیابی حاصل ہوئی تھی، اس پر تشویش و اضطراب کا اظہار صرف پاکستان تک محدود نہیں رہا تھا، جو شروع سے بھارت کے جارحانہ عزائم کا نشانہ خاص بنا ہوا ہے، بلکہ ایشیا اور افریقہ کے علاوہ ترقی یافتہ مغربی ملکوں میں بھی ... پاکستان اور متعدد ... کی طرف اظہار تشویش کی بنیاد بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم تھے، جب کہ مغربی ملکوں کے ردعمل میں غصہ کا عنصر زیادہ نمایاں تھا کہ بھارت ایک طرف ان سے مالی امداد حاصل کرنے کے لیے ہر وقت دامن پھیلائے رکھتا ہے اور دوسری طرف اپنے وسائل کا معتدبہ حصہ ایٹمی طاقت بننے کے جنون کی بھینٹ چڑھا رہا ہے۔

پاکستان اور افریشیائی ملکوں کے خوف اور تشویش پر مبنی ردعمل نے بالآخر اس تحریک کی شکل اختیار کر لی کہ جنوبی ایشیا خاص طور پر بحر ہند کے ساحلی ممالک کو ایٹم سے پاک علاقہ قرار دیا جائے اور ترقی یافتہ مغربی ملکوں نے بھارت کو مزید ایٹمی آلات اور ایٹمی ایندھن مہیا نہ کرنے کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ بھارت سے طویل مذاکرات کے بعد حال ہی میں کینیڈا نے ایٹمی میدان میں بھارت سے مزید تعاون کرنے سے صاف انکار کر دیا ہے۔ اس کے بعد بھارت نے اپنے دفاعی حلیف اور سرپرست خاص روس سے رجوع کیا تھا لیکن چند دن پہلے یہ خبر شائع ہو گئی تھی کہ روس نے بھی معذرت کر دی ہے اور اب اچانک یہ خبر موصول ہوئی ہے کہ امریکہ نے (غالباً ہندوستان کو روس کے آغوش سے نکالنے کے لیے) بھارت کو بھاری مقدار میں یورینیم مہیا کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے۔


امریکہ کا یہ فیصلہ اہل پاکستان کے لیے باعث اضطراب تو ضرور ہے ...

امریکہ نے اس خاص معاملے میں جس دوغلی پالیسی کا مظاہرہ کیا ہے اس پر اہل پاکستان بجا طور پر احتجاج ... اور ... اس کی ... بھی کریں گے۔

پاکستان نے کچھ عرصہ پہلے اپنے مجوزہ ایٹمی بجلی گھروں کے ... کے لیے فرانس سے ری پروسیسنگ پلانٹ حاصل کرنے کا جو معاہدہ کیا تھا، امریکہ نے نہ صرف اس کی مخالفت کی تھی، فرانس پر مسلسل دباؤ ڈالا تھا کہ وہ پاکستان سے اپنے اس معاہدہ پر نظرثانی کرے، یعنی اسے کالعدم قرار دے دے۔ حد یہ ہے کہ جب کچھ عرصہ قبل فرانس کے صدر امریکہ کے دورہ پر گئے تھے، تو امریکی حکومت نے مذاکرات میں بھی یہ سوال اٹھانے سے احتراز نہیں کیا تھا۔ بہرحال فرانس کے صدر اہل پاکستان کے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنے عہدوپیمان کی پاسداری کا مظاہرہ کیا اور یہ واضح کیا کہ فرانس نے پاکستان سے یہ معاہدہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی کمیشن کی طرف سے اس یقین دہانی کے بعد کیا ہے کہ پاکستان ایٹم بم نہیں بنائے گا۔ اور وہ اس سلسلہ میں مطلوبہ نگرانی اور جانچ پڑتال کی ذمہ داری بھی قبول کر چکا ہے۔

پاکستان کے برعکس بھارت نہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی کمیشن کی طرف سے نگرانی کی شرط قبول کرنے کے لئے تیار ہے۔ اور نہ اس نے ایٹمی ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے بین الاقوامی معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔ اگرچہ وہ امن اور آشتی کا علمبردار ہونے کے باوجود بڑے خالصانہ دعوے کرتا ہے، لیکن کینیڈا اس کی طرف سے سابق یقین دہانیوں کی خلاف ورزی کے بعد اس پر مزید اعتبار و اعتماد کرنے پر تیار نہیں ہوا۔ کینیڈا کا یہ انکار اس لئے ... بے اثر ثابت ہوا ہے کہ دنیا کی سب سے بڑی ایٹمی طاقت نے بھارت کی ضروریات پوری کرتے رہنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

امریکی حکومت کا یہ اقدام اس کی سیاسی حکمت عملی اور عالمی سطح پر مفادات کے تحفظ کی سعی کا حصہ ہے لیکن اس میں امریکہ کی انتہائی بااثر و ... پاکستان و اسلام دشمن یہودی لابی کا بھی ہاتھ ہے۔ یہود اور ہنود میں یہ قدر مشترک ہے کہ ... دونوں اپنے اپنے ... پاکستان اور اسلام کے دشمن ہیں۔ ... اسی یہودی لابی کے زیر اثر ہی امریکی اطلاعات کی روایات کے مطابق امریکہ کے خفیہ ادارے (سی آئی اے) نے اسرائیل کو ایٹمی ساز بم پہنچائے تھے اور اب تک وہ ڈیڑھ درجن ایٹم بم بنا چکا ہے۔ اور اب اسی یہودی لابی کے زیر اثر امریکی حکومت بجلی گھروں کے لئے ایٹمی پلانٹ حاصل کرنے کے سلسلہ میں پاکستان کی ... مخالفت کر رہی ہے۔ ...



# ہماری ٹیم یقیناً دنیا کی بہترین ٹیم ہے

## قومی ہاکی ٹیم کے انتخاب اور جیت کے امکانات کے بارے میں جناب ... کا انٹرویو

تحریر : سلطان عارف

سوال :- مونٹریال اولمپکس میں شرکت کے لئے پاکستان کی جو ٹیم منتخب کی گئی ہے اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ کیا آپ اس سلیکشن سے مطمئن ہیں؟

جواب :- جہاں تک پاکستان کی موجودہ ٹیم کی سلیکشن کا تعلق ہے میرے خیال میں آج تک کسی سلیکشن کمیٹی کے سامنے اس سے زیادہ آسان کام نہیں تھا۔ دراصل پاکستان کی جس ہاکی ٹیم نے ۱۹۷۶ء کے مونٹریال کے اولمپکس میں کھیلنا تھا۔ حسب معمول اس کی بنیاد ۱۹۷۲ء کے میونخ اولمپکس کے بعد ۱۹۷۳ء میں رکھ دی گئی تھی۔ اسی دستور کے تحت اگر ہم نے اپنی برتری برقرار رکھنی ہے تو ہمیں مونٹریال اولمپکس کے فوراً بعد ۱۹۸۰ء کے اولمپکس کے لئے اپنی ٹیم کی بنیاد رکھ دینا پڑے گی۔ اچھی ٹیمیں بالخصوص بین الاقوامی سطح پر برتری حاصل کرنے کے اہل ٹیمیں دنوں یا مہینوں میں نہیں بن سکتیں۔ ہاکی انفرادی کھیل نہیں۔ اس میں ٹینس کی طرح سنگل نہیں کھیلے جاتے۔ ہاکی ٹیم کا کھیل ہے ہاکی میں ٹیم کے ہر رکن کو جس میں ریزرو بھی شامل ہیں ایک دوسرے کا ... ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ...

... فل بیک کون ہے جو رائیٹ اور لیفٹ ... دونوں ... پر کھیل سکے۔ اس کے لئے اختر رشید اور اقبال دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرتا تھا۔

(۳) ہماری فارورڈ لائن کے کھلاڑی اس ریفیری میں ہمیشہ بہتر ... ہیں اس لئے بال پیچھے کم ہی آتا تھا یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور بھارت نے گول کیپر ... پر مناسب توجہ نہیں دی۔ ... سلیم شیروانی اور ... ضیاء ... ہیں۔

سوال :- شاہ صاحب آپ اس ٹیم کے جیتنے کے امکانات کے متعلق کچھ بتائیں گے؟

ج :- میں اس کے جیتنے کے امکانات کے متعلق قدرے تفصیل سے بات کروں گا۔ بفضل خدا اس ٹیم نے گذشتہ تین برس میں اتنے ... ہاکی ... کھیلے ہیں کہ دنیا کے دوسرے ہاکی کھیلنے والے ... ممالک میں سے کسی ملک کی ٹیم اس کی ہمسری نہیں کر سکتی۔ ہماری اس ٹیم کو مہارت و تربیت کی برتری بھی حاصل ہے۔ اس ٹیم کو مونٹریال میں بڑی ہاکی ... میں شرکت سے ... تجربہ حاصل ہوا۔ بھارت عدم شرکت کے باعث اس ...



### نور بصیرت

### اقوال حضرت علی المرتضیٰ

۱۔ بے قراری بہ نسبت صبر زیادہ تکلیف دہ ہے
۲۔ بے قراری تقدیر الٰہی کو ٹال نہیں سکتی، البتہ اجر و ثواب کو ضرور ضائع کر دیتی ہے۔
۳۔ مصیبت میں گھبرانا کمال درجہ کی مصیبت ہے۔
۴۔ تجربے کبھی ختم نہیں ہوتے اور عقل مند وہ ہے جو ان میں برابر ترقی کرتا رہے۔
۵۔ انسان جو حالت اپنے لیے پسند کر لیتا ہے اسی حالت میں رہتا ہے۔
۶۔ علم بغیر عمل کے آزار ہے اور عمل بغیر اخلاص کے بے کار ہے۔
۷۔ شرافت عقل و ادب سے ہے، نہ کہ مال و نسب سے۔
۸۔ جو شخص کسی کے عیب تلاش کرتا ہے، اسے کوئی نہ کوئی عیب مل ہی جاتا ہے۔
۹۔ جو شخص خواہ مخواہ اپنے آپ کو محتاج بنا لیتا ہے، وہ محتاج ہی رہتا ہے۔
۱۰۔ ہر شخص کی رائے اس کے ذاتی تجربے کے مطابق ہوتی ہے۔
۱۱۔ بخیل دنیا میں فقیروں کی سی زندگی بسر کرے گا اور آخرت میں امیروں کا سا حساب دے گا۔
۱۲۔ اگر تو کسی کے ساتھ احسان کرے تو اُسے مخفی رکھ۔ اور اگر کوئی تیرے ساتھ احسان کرے تو اُسے ظاہر کر۔
...

کریسنٹ

۱۵ر جولائی تا ۳۱ جولائی ۱۹۷۴ء جلد ۵ شمارہ ۱۰

# پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ویزا جاری کرنے کا معاہدہ طے پاگیا

## بنگلہ دیشی ٹریڈ کمشنر کو ویزے جاری کرنے کا اختیار دے دیا گیا

دونوں ملکوں کے تاجر برادری تعلقات میں اضافہ کا موجب بنیں گے۔ ظہیر الدین

کراچی — (اپپ) بنگلہ دیش کے ٹریڈ کمشنر ظہیر الدین نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا ہے جس کے تحت دونوں ملکوں کے شہریوں کو ایک دوسرے کے ملک میں جانے کے لیے ویزے کی سہولتیں … [illegible]

[illegible]

بعض اسکو پہنچ گئے

[illegible]

# پاکستان اور ایران میں گہرا تعاون عوام کی امنگوں اور خواہشات کے عین مطابق ہے



بنگلہ دیش کے عوام نے نامساعد حالات پر قابو پانے میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا ہے

مشرقی بنگلہ دیش میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر وزیر اعظم بھٹو کا اظہار ہمدردی

اسلام آباد — (اپپ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے شمال مشرقی بنگلہ دیش کے وسیع علاقوں میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ بنگلہ دیش کے صدر ابو سادات محمد صائم کے نام ایک پیغام میں وزیر اعظم نے حکومت اور پاکستان کے عوام کی طرف سے بنگلہ دیش کی حکومت اور برادر عوام سے گہری ہمدردی کا اظہار کیا۔



۲۰ جولائی کو لاہور کے امریکی مرکز میں امریکی قونصل نے دو سو سالہ جشن آزادی کے سلسلے میں ایک استقبالیہ دیا جس میں گورنر محمد عباس عباسی اور ان کی اہلیہ نے شرکت کی۔

اسلام آباد — (اپپ) وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے سوڈان میں صدر جعفر النمیری کے خلاف بغاوت ناکام ہو جانے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ صدر نمیری کے نام ایک پیغام میں وزیر اعظم بھٹو نے کہا ہے کہ ۲ جولائی کو آپ کی حکومت کے خلاف بغاوت کی خبر سن کر سخت تشویش ہوئی تھی لیکن اب یہ بات باعث اطمینان ہے کہ اس بغاوت کو آپ کی بہادر فوجوں نے … کامیابی سے کچل دیا ہے۔ ہم اس بات پر خدا کے شکر گزار ہیں کہ اس نے اپنی رحمت سے آپ کو اپنی قوم و ملک کی رہبری کے لیے محفوظ رکھا۔

اللہ تعالےٰ نے آپ کو اپنی قوم کی رہنمائی کے لیے محفوظ رکھا۔

سوڈان کے صدر نمیری کے نام وزیر اعظم بھٹو کا پیغام

## شہنشاہ ایران کی دانشمندانہ قیادت میں دونوں ملکوں کی دوستی مزید مستحکم ہوگی

### وزیر اعظم بھٹو کے دورے سے ہر ایرانی کو دلی مسرت ہوئی ہے: ہویدا

### دونوں رہنماؤں نے متعدد معاملات پر تفصیلی بات چیت کی: سرکاری ترجمان


تہران — (اپپ) وزیر اعظم بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان گہرا تعاون دونوں ملکوں کے عوام کی امنگوں اور خواہشات کے عین مطابق ہے اور اسے عوام کی مکمل تائید و حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے کل رات ایرانی وزیر اعظم امیر عباس ہویدا کی طرف سے دیئے گئے عشائیہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ شہنشاہ ایران کی دلیرانہ اور دانشمندانہ قیادت میں پاکستان اور ایران کی دوستی زیادہ مستحکم ہوگی۔ [illegible]

[illegible]

بھٹو کے درمیان آج مذاکرات کا دوسرا دور ہوا۔ وزیر اعظم بھٹو تین روزہ غیر سرکاری دورے پر کل یہاں پہنچے تھے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان کل دو گھنٹے تک مذاکرات ہوئے۔ آج شہنشاہ ایران نے وزیر اعظم بھٹو کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ وزیر اعظم نے یہاں اپنے قیام کے دوران شہنشاہ ایران کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر تفصیلی مذاکرات کئے۔ کل وزیر اعظم بھٹو جب شہنشاہ کی طرف سے دیئے گئے ظہرانے کے بعد باہر آئے تو وہ انتہائی ہشاش بشاش اور شگفتہ نظر آ رہے تھے۔

### روس میں پاکستانی حکومت کے اعلان کا خیر مقدم

[illegible]



پاکستانی ہاکی ٹیم اپنے منیجر اور کوچ کے ساتھ ٹورانٹو میں



AUGUST

"Using Ca
and build
recognised
detonated
India hav
has been
has in pa
in South
statement
weapons,
the agenc
the way to

Beginning
lyze and
technologi
through (
system) ca
which exp
technology

By a spec
"Fortnigh

Now that
including
over the
clear devi
sided, it is
back and
came abo
surprise it
national c
fied. The
that led t
sion by I
interest to
like India
ficiary o
nuclear ai
India has
come a nu
it has bec
blockade
Canada, w
has impos
natation o
faith

When the
scientific
the years
aspirations
clear that
nuclear de
should ha